**22.11.2024**
**Hrs 13.50**

**HL-OPENNING**

**آداب**

**یہ آکاشوانی ہے**

**خبروں کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ**

**1 وزیراعظم نریندرمودی نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے، تین ملکوں کے اپنے دورے کے کامیاب اختتام کے بعدوطن واپس آرہے ہیں۔**

**2 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے، شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے ” ملک مقدم“ کے نظریئے کو اپنائیں۔ انھوں نے حیدرآباد میں ثقافتی تبادلے کی تقریب، لوک منتھن کا افتتاح کیا۔**

**3 چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ، میں کم سے کم دَس ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔**

**4 جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں کرائے گئے اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کے لیے، جو کَل ہوگی، سبھی تیاریاں کر لی گئی ہیں۔ مختلف ریاستوں میں دو پارلیمانی حلقوں اور 46 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے تحت ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی بھی کَل ہی کرائی جائے گی۔**

**5 اورکرکٹ میں۔ Perth میں بارڈر گواسکر ٹرافی کے پہلے میچ میں بھارت کی ٹیم، میزبان آسٹریلیا کے خلاف اپنی پہلی اننگز میں 150 رَن پر آؤٹ ہوگئی۔**

**اب خبریں تفصیل سے---**

**Pm Guyana Disporia**

**وزیر اعظم نریندر مودی تین ملکوں، نائیجیریا، برازیل اور گیانا کے اپنے کامیاب دورے کے بعد نئی دلّی کے لیے روانہ ہوگئے ہیں۔**

**اپنے دورے کے آخری مرحلے میں، گیانا میں وزیراعظم نے راجدھانی Georgetown میں ملک کی قومی اسمبلی سے خطاب کیا اور بھارتی برادری سے بات چیت کی۔**

**کَل بھارتی برادری کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ثقافت، مختلف قسم کے کھانے اور کرکٹ، بھارت اور گیانا کے درمیان گہرے رشتے ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ یہ مشترکہ خاصیتیں، دونوں ملکوں کے درمیان دوستی کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ وزیراعظم نے گیانا میں بھارتی برادری اور کیریبیائی ملک کی ترقی میں اُس کے تعاون کو سراہا۔**

***S-B PM Modi On India Guyana***

**وزیراعظم نے کہا کہ پچھلی دہائی میں بھارت کا سفر ایک نئی بلندی اور رفتار والا اور پائیدار رہا ہے۔**

***S-B Modi On Economy***

جناب مودی نے ثقافت اور روایات کا تحفظ کرنے پر بھارتی برادری کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارتی برادری کے ارکان، بھارتی ثقافت اور اقدار کے سفیر ہیں۔

گیانا کی قومی اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ”جمہوریت مقدم“ کی روح سے، بھارت کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے کہ وہ مل کر ترقی کرے اور ہر ایک کی ترقی میں اُس کا ساتھ دے۔

جناب مودی نے کہا کہ ”انسانیت مقدم“ کا اُصول، فیصلہ سازی کے عمل میں رہنمائی کرتا ہے۔

وزیراعظم نے گیانا کے اپنے دورے میں **Georgetown** میں، دوسری بھارت-کیریکوم سربراہ کانفرنس میں بھی شرکت کی۔ کیریبیائی برادری ’کیریکوم‘ کیریبیائی خطے میں 15 رکن ملکوں کی ایک بین سرکاری تنظیم ہے۔ جناب مودی نے ’کیریکوم‘ رُکن ملکوں کے رہنماؤں سے بھی ملاقات کی۔

وزیراعظم نے گیانا کے صدر ڈاکٹر محمد عرفان علی سے وفد کی سطح کی بھی بات چیت کی۔ اُنہیں آج گیانا کے اعلیٰ ترین قومی ایوارڈ **Order Of Excellence** سے بھی سرفراز کیا گیا۔

ڈومینیکا کامن ویلتھ نے بھی وزیراعظم کو اپنے اعلیٰ ترین قومی اعزاز **Dominica Award Of Honour** سے نوازا۔

وزیراعظم مودی نے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں، **Rio Di Jeneiro** میں،19 ویں جی 20 سربراہ کانفرنس کے مختلف اجلاس میں شرکت کی۔

اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیراعظم مودی نے نائیجیریا میں صدر بولا احمد **Tinubu** سے، راجدھانی ابوجا میں بات چیت کی۔ نائیجیریا نے بھی جناب مودی کو گرینڈ کمانڈر آف آرڈر آف نائیجر سے نوازا۔ **x**

**Prez Hyderabad**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے سبھی شہریوں سے”ملک مقدم“ نظریئے کو اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

صدرجمہوریہ آج صبح حیدرآباد میں چوتھے لوک منتھن کا افتتاح کرنے کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کررہی تھیں۔ صدرمرمو نے، بہت سے میدانوں میں تنوع کے باوجود ملک کو متحد رکھنے کے لیے بھارت کی ثقافت، زبان، روایات اور علم کے احیاء کی ضرورت پر زور دیا۔

***S-B President Lok Manthan***

صدرجمہوریہ مرمو نے کہا کہ جب غلامی کی ذہنیت ختم ہوجائے گی، تو سماجی نابرابری بھی ختم ہوجائے گی۔

انھوں نے حکومت کی طرف سے حال ہی میں کیے گئے اقدامات کا ذکر کیا، جن میں نئے فوجداری قوانین نافذ کرنا، راشٹرپتی بھون میں دربار ہال کا نام بدلنا اور انصاف کی دیوی کے مجسمے کی آنکھوں سے کالی پٹی ہٹانا شامل ہے۔

لوک منتھن مذاکرات، ردّ عمل اور ثقافتی لین دین کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے، جس سے لچک دار روّیے اور تحفظ کی عالمی داستانیں اُجاگر ہوتی ہیں۔ یہ تقریب ملک کے جنوبی حصے میں پہلی بار منعقد کی جارہی ہے۔ مغربی ایشیاء سمیت دنیا کے مختلف حصوں کی، وہ

قدیم مذہبی برادریاں جنہیں تحفظ دیا گیا ہے، اِس منفرد نوعیت کے ثقافتی تبادلے کے لیے یکجا ہوئی ہیں۔ کَل صدرمرمو نے حیدرآباد میں ’کوٹی دیپوتسوم‘‘ میں شرکت کی تھی۔x

## Chhatisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلع میں آج حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں کم سے کم 10 ماؤنواز مارے گئے۔ ضلع کے Konta علاقے میں ماؤنوازوں کے چھپے ہونے کی ایک خفیہ اطلاع ملنے پر سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کی ایک مشترکہ ٹیم نے تلاشی مہم چلائی جس کے دوران فائرنگ شروع ہوگئی۔ تلاشی مہم کے دوران مڈبھیڑ میں 10 ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔حفاظتی دستوں نے 10 لاشیں برآمد کی ہیں۔ اِس کے علاوہ موقعہ واردات سے بڑے پیمانے پر ہتھیار اور دھماکہ خیز مادہ برآمد کیا گیا ہے۔ علاقے میں تلاشی مہم اب بھی جاری ہے۔

## Counting

جھارکھنڈ اور مہاراشٹر کے اسمبلی انتخابات اور 46اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات کے علاوہ کیرالہ میں وائناڈ اور مہاراشٹر میں نانڈیڑ پارلیمانی حلقوں کے انتخابات کے ووٹوں کی کَل ہونے والی گنتی کی سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ ووٹوں کی گنتی صبح آٹھ بجے سے شروع ہوگی اور نتائج دوپہر سے آنے شروع ہوجائیں گے۔ سب سے پہلے پوسٹل بیلٹس کی گنتی ہوگی۔ انتخابی کمیشن کی جانب سے ووٹوں کی گنتی کے عمل کو خوش اسلوبی سے مکمل کرانے کے لیے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔کمیشن نے اپنی ویب سائٹ www.eci.gov.in کے ذریعہ رجحانات اور نتائج کے اعلان کے لیے ایک مستحکم، مکمل طور پر مصدقہ اور محفوظ بنیادی ڈھانچہ تیار کیا ہے۔ووٹوں کی گنتی کے مراکز پر تین زمروں پر مشتمل سیکورٹی بندوبست کیا گیا ہے۔ جھارکھنڈ میں انتخابی کمیشن نے تمام اسمبلی سیٹوں کے ووٹوں کی پُرامن گنتی کے لیے وسیع انتظامات کیے ہیں۔چیف الیکٹورل افسر، کے روی کمار نے کہا ہے کہ ریاست کے تمام ضلع ہیڈکوارٹس پر 24 کاؤنٹنگ سینٹر بنائے گئے ہیں۔

## Cop 20 India Statement

بھارت نے، آذر بائیجان کے شہر باکُو میں، آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق، اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن UNFCCC کے فریقین کی 29 ویں کانفرنس کَوپ ٹوینٹی نائن کے افتتاحی جلسے میں اِس بات پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ آب و ہوا سے متعلق وافر رقم سے توجہ ہٹاکر محض آب وہوا کی تبدیلی سے نمٹنے پر مرکوز کردی گئی ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت نے کہا کہ بھارت، ہم خیال ترقی پذیر ملکوں کی طرف سے، بولیویا کے ذریعے دیئے گئے بیان کے موقف سے مطابقت رکھتا ہے۔ بھارت نے ایک بار پھر کہا ہے کہ آب و ہوا کی تبدیلی کے عمل کی رہنمائی UN FCCC اور اُس کا پیرس معاہدہ کرے گا، کیونکہ عالمی جنوب کو، آب و ہوا کی تبدیلی کے شدید اثرات کا سامنا ہے۔x

## Nadda Kharge Manipur

BJP صدر جے پی نڈّا نے کانگریس پر الزام لگایا ہے کہ وہ منی پور کی صورتحال کو سنسنی خیز بنا رہی ہے۔ جناب نڈّا نے، منی پور تشدد کے سلسلے میں، صدرجمہوریہ درپدی مرمو کو، کانگریس صدر ملکاارجن کھڑگے کی طرف سے لکھے گئے خط کے جواب میں یہ بات کہی ہے۔ جناب نڈّا نے جناب کھڑگے کو لکھے گئے اپنے خط میں کہا کہ ریاست اور مرکز میں سابقہ

کانگریس سرکاروں کے، حفاظت اور انتظامیہ پروٹوکول سے متعلق غلط حکمت عملی، اِس بات کی بڑی وجوہات میں سے ایک ہے کہ دہشت گرد اور ایسی تنظیمیں، کہ تشدد جن کی عادت بن گئی ہے، منی پور میں، بڑی مشکل سے قائم کیے گئے امن کو تباہ کرنے کی کوشش کررہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں پچھلے دَس سال کے دوران شمال مشرقی خطے کے، ہر شعبے میں ایک یکسر تبدیلی آئی ہے۔جناب نڈّا کے خط کے جواب میں کانگریس رہنما جے رام رمیش نے کہا کہ منی پور کے عوام، ریاست میں جلد از جلد معمول کے حالات اور امن و ہم آہنگی چاہتے ہیں۔x

## Rajnath Laos

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے آج لاؤس میں جاپان کے اپنے ہم منصب جنرل Nikatani سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ جنرل Nikatani کے ساتھ ان کی ملاقات اچھی رہی اور انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری آزاد، کھلے اور اصولوں پر مبنی بھارت بحرالکاہل خطے کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کرے گی۔

## Piyush Goyal

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے اعلان کیا ہے کہ حکومت، ڈیٹا کی رازداری کو یقینی بنانے کیلئے ایک قانونی فریم ورک متعارف کرائے گی۔ ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے بھارت کو ایک پسندیدہ اور اہم مقام قرار دیتے ہوئے جناب پیوش گوئل نے اُجاگر کیا کہ بھارت اپنے مستحکم قانونی نظام کے ساتھ ایک نیا فریم ورک لاگو کرنے کا منصوبہ بنا رہاہے، جو قابل اعتماد شراکت داروں کے درمیان ڈیٹا کے محفوظ اور آزادانہ لین دین کو یقینی بنائے گا۔ برطانیہ-بھارت تجارتی کونسل کی برطانیہ-بھارت ٹیکنالوجی مستقبل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے مستقبل میں ڈیجیٹل دنیا اور پائیداری کے مسائل کو سمجھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب گوئل نے بھارت کے منفرد طور پر باہم مربوط پاور گرڈ کو بھی اجاگر کیا اور اسے اِن چیلنجوں سے نمٹنے میں ایک عالمی رہنما سے تعبیر کیا۔ جناب گوئل نے کہا کہ 2030 تک ملک کے طول و عرض میں ایک ہزار گیگا واٹ کا پاور گرڈ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل دنیا کو پائیدار بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کیلئے بھارت دنیا بھر میں ایک پسندیدہ مقام ہے۔X

## IFFI-Day 2

بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول کے آج دوسرے دن مختلف فلموں کی نمائش کی جائے گی۔ اِن میں مختلف زمروں، زبانوں اور ممالک کی 70 سے زیادہ فلمیں شامل ہیں۔ سرکردہ فلم شخصیات جن میں ناگارجن Akkineni، ودھو ونود چوپڑا اور منی رتنم حاضرین جلسہ سے بات چیت کریں گے۔ سفرنامہ ایگزبیشن اور IFFIesta جن کا کَل شام افتتاح کیا گیا تھا، امید ہے کہ آج لوگ اِن میں بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ IFFI پریڈ بھی آج سب کی توجہ کا باعث رہے گی جو گوا کی اینٹرٹینمنٹ سوسائٹی کے دفتر سے کلا اکیڈمی تک جائے گی۔X

## Crcket Ind vs Aust

کرکٹ میں بارڈر گواسکر ٹرافی کا پہلا میچ بھارت اور میزبان آسٹریلیا کے درمیان پرتھ میں جاری ہے۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 150 رن

بناکر آل آوٹ ہوگئی۔میزبان آسٹریلیا نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 10 اوورس میں 3 وکٹ پر 30 رن بنالیے ہیں۔جسپریت بمراہ روہت شرما کی عدم موجودگی میں کپتان کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ امید ہے کہ روہت شرما اتوار کو ٹیم میں واپس آئیں گے اور دوسرے ٹسٹ میچ میں چارج سنبھالیں گے۔ اس ٹور میں بھارتی ٹیم پانچ ٹسٹ میچ کھیلے گی۔

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx